گلشن ہمیشہ بہار

(تذکرہ شعرائے اُردو)

مصنّفہ

نصراللہ خاں خویشگی

مرتّبہ

ڈاکٹر اسلم فرخی

انجمن ترقیِ اُردو

بابائے اُردو روڈ۔ کراچی

خویشگی، نصر اللہ خان
گلشن ہمیشہ بہار: تذکرۂ شعراء

Khweshgi, Nasrullah Khan

Gulshan Hamesha Bahar: Tazkirah-e- Shoara

گلشن ہمیشہ بہار

گلشنِ ہمیشہ بہار

(تذکرۂ شعرا)

مُصنّفہ

نصر اللہ خان خویشگی

مُرتبہ

ڈاکٹر اسلم فرّخی

انجمن ترقیٔ اردو پاکستان

بابائے اُردو روڈ۔ کراچی ۱

سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اُردو ۳۲۷

اشاعتِ اوّل — ۱۹۶۷ء

تعداد — گیارہ سو

طباعت — انجمن پریس

زیرِ اہتمام — محمد مصلح الدین سعدی

قیمت

سات روپے

یادبود

جشن فرخنده تاجگذاری

محمدرضا پهلوی آریامهر

شاهنشاه ایران

و

علیاحضرت فرح پهلوی

شهبانوی ایران

آبانماه ۱۳۴۶

مندرجات

حرفے چند

اعلیٰ حضرت محمد رضا شاہ پہلوی آریا مہر شہنشاہ ایران اور ملکۂ فرح پہلوی شاہبانوی ایران کے جشن تاجپوشی کے مبارک موقع پر انجمن ترقی اردو چار کتابیں اور مجلۂ "اردو" کا خاص نمبر شائع کر رہی ہے۔

انجمن ترقی اردو باقاعدہ طور پر آج سے پچپن برس پہلے وجود میں آئی تھی۔ اگرچہ انجمن کا کام اس سے بہت پہلے شروع ہوگیا تھا لیکن ۱۹۰۳ء سے ۱۹۱۲ء تک اس کی حیثیت آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے ایک شعبے کی تھی۔ انجمن کے پہلے سیکریٹری ہمارے مشہور مورخ اور ادیب مولانا شبلی نعمانی تھے۔ جن کی شہرۂ آفاق تصنیف "شعرالعجم" کا ترجمہ ایران میں شائع ہوچکا ہے۔

اگرچہ بنیادی طور پر انجمن کا کام اردو زبان و ادب سے متعلق ہے مگر اس نے اپنی نصف صدی سے زیادہ عرصے کی سرگرمیوں کو محض اردو تک محدود نہیں رکھا۔ انجمن اب تک کئی ایسی گراں قدر کتابیں اور مقالے شائع کر چکی ہے جن کا فارسی زبان اور ادب سے تعلق ہے۔

شہنشاہ ایران کے جشن تاجپوشی کے مبارک موقع پر انجمن جو کتابیں شائع کر رہی ہے، وہ اس ادارے کی ان خدمات میں جو فارسی زبان و ادب سے متعلق ہیں، ایک بیش بہا اضافہ ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ ان علمی و تحقیقی تالیفات کو اہل علم قدر کی نگاہوں سے دیکھیں گے۔

میں انجمن روابط فرہنگی ایران و پاکستان کی طرف سے انجمن ترقی اردو اور اس کے فاضل صدر جناب اختر حسین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

ممتاز حسن

صدر

انجمن روابط فرہنگی ایران و پاکستان

کراچی

دیباچہ

• جمیل الدین عالی
معتمد اعزازی

اس بار انجمن کے اشاعتی پروگرام میں بربنائے محبت کچھ نہایت مفید اضافے کئے گئے ہیں۔

ایران اور پاکستان کے ثقافتی روابط نہ صرف بہت پرانے ہیں بلکہ پاکستان پر ایران کی زبان اور تہذیب نے جو گہرے اثرات مرتب کئے ہیں ان سے ساری دنیا واقف ہے۔

ان قدیم روابط کے علاوہ پاکستان اور ایران کی مسلسل اور مستحکم دوستی بھی ضرب المثل ہوگئی ہے۔ جب سے پاکستان وجود میں آیا ہے دونوں ملکوں کے عوام میں ایک دوسرے کے لئے خلوص اور خیر سگالی کے جذبات روز بروز بڑھتے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ خوش قسمتی سے دونوں ملکوں کی حکومتیں بھی ایک دوسرے کی بہترین دوست ثابت ہوئی ہیں اور باہمی اعتماد کی فضا میں ہر جہتی تعاون کے نئے نئے منصوبوں پر عمل کرتی رہتی ہیں۔

ایران کے حکمراں اور اہل ایران اہل پاکستان سے جیسی محبت کرتے ہیں اس کا ایک روشن ثبوت ہمیں اس وقت بھی ملا جب بھارت نے پاکستان پر حملہ کر دیا تھا۔ اس وقت ایران نے جس جرات اور ہمدردی سے پاکستان کا ساتھ دیا تھا پاکستان کے لوگ اسے کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔

ہمارے لئے یہ بڑے فخر اور خوشی کی بات ہے کہ آج ایران اور پاکستان کی دوستی دنیا بھر میں ایک مثال کے طور پر پیش کی جاتی ہے۔

۲۶ اکتوبر کو ہمارا محبوب، باوفا اور مضبوط دوست ایران اپنے سربراہ اعلیٰ حضرت شہنشاہ رضا شاہ پہلوی کا جشنِ تاجپوشی منا رہا ہے اور ہماری حکومت اور عوام

اور ہمارے تہذیبی ادارے اپنے ہمسایے کی تقریب میں اپنے اپنے طور سے شریک ہو رہے ہیں۔
اس موقع پر انجمن بھی چند کتابیں شائع کر رہی ہے جو انجمن کے فارسی محفوظات سے ترتیب دی گئی ہیں۔ اُردو فارسی کا جو رشتہ ہے اس کی تفصیل بیان کئے بغیر یہ عرض کر دیا جائے کہ انجمن کے پاس نہ صرف بہت سی کمیاب فارسی مطبوعات موجود ہیں بلکہ ایسے فارسی نوادر بھی محفوظ ہیں جو اردو کے مآخذ پر کام کرنے میں نہایت مفید ثابت ہوئے ہیں۔
اس موقع پر یہ مناسب سمجھا گیا کہ اہل ایران کی خوشنودیِ خاطر کے لئے انھی کی زبان میں چند کتابیں پیش کی جائیں جن سے ہمارے اور ان کے قدیم روابط کی مزید یادیں اجاگر ہو جائیں۔ چنانچہ مندرجہ ذیل کتابیں شائع کی جا رہی ہیں۔

تذکرہ ہمیشہ بہار

اس کے مولف کشن چند اخلاص ہیں جنہوں نے بارھویں صدی ہجری کی ابتدا میں شعرائے فارسی پر کام کیا تھا۔ اس تذکرے کو ہمیشہ سے ایک خاص اہمیت حاصل ہے کیونکہ اس میں مصنف نے اپنے معاصرین کے حالات جمع کئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ مولف نے اپنے پیش رو تذکرہ نگاروں سے استفادہ کیا ہے لیکن خود انھوں نے بہت سی قابل قدر معلومات کا بھی اضافہ کیا ہے۔ اس تذکرے میں تین سو سے زیادہ شعرا کا ذکر ہے۔
جس نسخے کی بنیاد پر اس کا متن تیار ہوا ہے اس کے بارے میں غالب گمان یہ ہے کہ وہ خود مولف کے ہاتھ کا تحریر کردہ ہے۔ اسے ڈاکٹر وحید قریشی نے بڑی محنت سے مرتب کیا ہے۔ بعض وجوہ سے مخطوطے کا پورا متن شائع کرنا ممکن نہ تھا اس لئے فی الحال ایک تہائی حصہ چھپ رہا ہے۔ اور اس طرح بہت قیمتی معلومات کی چند زریں جھلکیاں پیش کی جا رہی ہیں۔ تذکرے کا یہ حصہ رسالہ 'اردو' کے اُس خاص نمبر میں شامل ہے۔ جو فارسی زبان و ادب سے متعلق ہے۔ یہ تذکرہ کتابی صورت میں بھی عنقریب شائع ہو جائے گا۔

تذکرہ گلشن ہمیشہ بہار

اسے رائے اللہ خاں خویشگی نے ۱۸۵۲ء میں تالیف کیا تھا اور یہ اسی سال شائع بھی ہوگیا تھا۔ لیکن پھر یہ تذکرہ ایسا معدوم ہوا کہ بہت سے اہل علم نے تو اس کے وجود ہی سے انکار کر دیا۔ اس اعتبار سے اس تذکرے کی اشاعت ایک طرح کی ادبی بازیافت ہے۔ اس میں بیشتر شعرائے اردو کا ذکر ہے لیکن ضمنی طور پر ان فارسی گو شعرا کے حالات بھی آگئے ہیں جن کے حوالے بہت سے دوسرے تذکروں میں نہیں ملتے۔ اس کے مرتب ڈاکٹر اسلم فرخی ہیں۔

فارسی زبان و ادب

انجمن کا سہ ماہی "اردو" گزشتہ پینتالیس برس سے شائع ہو رہا ہے۔ اور اس میں فارسی زبان و ادب کے متعلق بہت سے مقالات شائع ہوئے ہیں" اردو" کی پرانی جلدیں تقریباً نایاب ہوگئی ہیں۔ اس کے علاوہ ان مضامین کی افادیت آج بھی نہ صرف برقرار ہے بلکہ بڑھ گئی ہے۔ چنانچہ انجمن نے طے کیا کہ ان مضامین کا ایک انتخاب شائع کر دیا جائے اور ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمارے محترم پیر حسام الدین راشدی نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود اس معاملے میں ہماری معاونت کی۔ یہ انتخاب انھوں نے بڑی محنت اور توجہ سے فرمایا ہے

فہرست مخطوطات فارسی

انجمن کے کتب خانہ خاص میں اردو مخطوطات کے علاوہ فارسی اور عربی مخطوطات کا ایک بڑا ذخیرہ بھی موجود ہے اور ان میں سے بیشتر مخطوطات اپنی قدامت، موضوعات اور روش تحریر کی بنا پر تاریخی اہمیت رکھتے ہیں۔ انجمن نے طے کیا کہ ان کی وضاحتی فہرست شائع کر دی جائے لیکن مزید جائزہ لیا گیا تو معلوم ہوا کہ ابھی اس کام کی تکمیل میں وقت لگے گا لیکن ان مخطوطات کی ایک اجمالی فہرست بھی اہل علم کے لئے کوئی چھوٹی موٹی خوش خبری نہیں ہے۔ یہ فہرست چونکہ پہلی بار شائع کی جا رہی ہے اس لئے اس کی

اہمیت و افادیت کے اثرات آہستہ آہستہ ظاہر ہوں گے۔ فی الحال تو فارسی دانوں اور فارسی پر کام کرنے والوں کے لئے یہ ایک چونکا دینے والے انکشاف کی حیثیت سے پیش کی جا رہی ہے۔

امید ہے کہ ایران اور پاکستان کے اہل نظر ان کتابوں کو پسند کریں گے اور بطور خاص ایران کے دوست انجمن کے اس اقدام کو ہمارا خراج عقیدت سمجھ کر قبول فرمائیں گے

ع یہی کچھ ہے ساقی متاعِ فقیر

واضح رہے کہ انجمن ان کتابوں کی اشاعت کی ضرور ذمہ دار ہے لیکن اصل میں اس موقع پر ان کی ترغیب اشاعت کا سہرا ہمارے دو اراکین منتظمہ کے سر ہے جو اپنی ذاتی حیثیتوں میں بھی ملک کے جید اہل علم میں شمار ہوتے ہیں۔ یہ دو حضرات جناب ممتاز حسن اور جناب پیر حسام الدین راشدی ہیں جو فارسی زبان سے بے حد شغف رکھنے کے ساتھ ساتھ پاک ایران ثقافتی تعلقات کے فروغ میں نمایاں کارکن ثابت ہوئے ہیں۔ انھی حضرات کی تحریک پر صدر انجمن جناب اختر حسین نے مہلت کم ہونے کے باوجود ان کتابوں کی ترتیب و اشاعت پر توجہ فرمائی اور یوں انجمن کے اشاعتی منصوبوں میں یہ قابل قدر اور یادگار اضافے ہوئے۔

ان حضرات کا تعاون انجمن کے اہم ترین اثاثوں میں شمار ہوتا ہے۔

فہرست شعراء

خیابان الف

خیابان ہائے موحدہ

خیابان تائے قرشتے

خیابان ثائے مثلثہ

خیابان جیم

خیابان ہائے حطی

خیابانِ خائے معجمہ

خیابانِ دال مہملہ

خیابان ذال معجمہ

خیابان رائے مہملہ

خیابات شین معجمہ

خیابانِ صادِ مہملہ

خیابانِ ضادِ معجمہ

خیابانِ غینِ معجمہ

خیابان کاف عربی و فارسی

خیابانِ لام

خیابانِ میم

خیابانِ نون

خیابانِ واو

خیابان ہائے ہوز

خیابان یائے تحتانی

مقدمہ

ڈاکٹر اسلم فرخی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شعرائے اُردو کی تذکرہ نویسی کی روایت میں ابتدا ہی سے انتقامی اور جوابی کارروائی کا جذبہ نظر آتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ جوابی کارروائی کرنے اور انتقام لینے والا عموماً فائدے میں نہیں رہتا کیونکہ منفی جذبہ یا تحریک دیرپا اثرات کی حامل نہیں ہو سکتی اور نہ لوگوں کو اس کی صداقت کا صحیح احساس ہو سکتا ہے۔ تاہم شعرائے اُردو کے تذکروں کی تالیف میں یہ منفی جذبہ عام طور پر نمایاں نظر آتا ہے۔ اور اس منفی جذبے نے کسی نہ کسی حد تک تذکرہ نویسی کی روایت کو آگے بڑھایا ہے۔ چنانچہ میر تقی میر کے تذکرے 'نکات الشعراء' کے جواب میں سید فتح علی حسینی گردیزی نے 'تذکرہ ریختہ گویاں' مرتب کیا اور میر کے تنقیدی نظریے کو 'خوردہ گیری' اور 'عیب جینی' قرار دیا۔ لچھمی نراین شفیق نے بھی اپنا تذکرہ 'چمنستان شعرا' اسی میر شکنی کے جذبے سے متاثر ہو کر تالیف کیا تھا۔ شفیق کا مطمح نظر یہ تھا کہ انعام اللہ خاں یقین کے سلسلہ میں میر کے اعتراضات کا مسکت جواب لکھا جائے اور یقین کو میر سے بڑا شاعر ثابت کیا جائے۔ اس کے علاوہ بعض تذکرہ نگاروں کے یہاں میر کی اختصار پسندی کے خلاف واضح ردِ عمل ملتا ہے۔ حکیم قدرت اللہ قاسم کا 'مجموعہ نغز'، خوب چند ذکا کا 'عیار الشعرا' اور نظم الدولہ سرور کا 'عمدہ منتخبہ' اسی ردِ عمل کا مظہر ہیں۔ ان تذکروں میں اختصار کے بجائے 'جامعیت بلحاظ اسما و افراد' کا رجحان ملتا ہے۔ بہر حال ردِ عمل اختصار کے خلاف ہو یا صاحب تذکرہ کے اسلوب تنقیدی نقطۂ نظر، اور اصابت رائے کے خلاف تذکرہ نویسی کی روایت منفی جذبات کے باوجود آگے بڑھی اور شعرائے

اردو کے متعدد تذکرے مرتب ہو گئے۔

۱۲۴۸ھ میں نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ دہلوی نے گلشن بے خار کے عنوان سے شعرائے اردو کے ایک تذکرے کی ابتدا کی اور ۱۲۵۰ھ کے آخر تک اسے مکمل کر دیا۔ یہ وہی شیفتہ ہیں جن کے بارے میں مرزا غالب نے کہا ہے ؎

غالب بفن گفتگو نازد بدیں ارزش کہ او
ننوشت در دیوان غزل تا مصطفےٰ خاں خوش نکرد

حالی نے یادگار غالب میں شیفتہ کی اصابت رائے، فطری سادگی اور ذوق شعری کی بہت تعریف کی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ شیفتہ شعر فہمی اور ادبی ذوق کے اعتبار سے یگانہ روزگار تھے۔ مومن اور غالب جیسے نازک مزاج اور باکمال ان کے ذوق شعری کے مداح اور معترف تھے اور حالی نے تو صاف صاف اس بات کا اقرار کیا ہے کہ انہیں سب سے زیادہ فائدہ شیفتہ کی ہم نشینی سے ہوا اور شیفتہ نے ان کے ذوق شعری پر جلا کی۔ جلا ہی نہیں کی بلکہ نقد و انتقاد اور دید و دریافت کی صلاحیت کو ابھارا۔ گلشن بے خار چھ سو چوالیس شعراء کا مبسوط تذکرہ ہے۔ ڈاکٹر اسپرنگر کے بقول" اس میں تقریباً چھ سو شعراء کا مختصر حال ہے جو زیادہ تر تذکرہ قاسم سے ماخوذ ہے۔ لیکن بہت سے تذکروں سے زیادہ صحیح ہے۔" خدا معلوم ڈاکٹر اسپرنگر نے گلشن بے خار کو تذکرہ قاسم سے ماخوذ قرار کیوں دیا۔ یا تو انہوں نے گلشن بے خار کو غور سے پڑھا نہیں یا پھر جان بوجھ کر اغماض برتا۔ گلشن بے خار میں شیفتہ نے قاسم کے ترجمے میں واضح طور پر لکھا ہے "تذکرہ در حال فکر ریختہ نگاشتہ است و بملاحظہ نرسیدہ" ظاہر ہے کہ شیفتہ کے اس واضح بیان کے بعد اخذ و استفادہ کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ دراصل گلشن بے خار کی مقبولیت، شہرت اور اعتبار کا سبب شاعروں کا مختصر حال نہیں ہے اگرچہ اس اختصار میں میر کے اختصار کی تشنگی کا احساس نہیں ہوتا کہ شیفتہ نے ضروری اور مناسب تفصیل کو ہر جگہ مدنظر رکھا ہے اور معاصرین کے سلسلہ میں اپنی قابل اعتماد ذاتی معلومات سے

پورا پورا فائدہ اٹھایا ہے۔ گلشن بے خار کو مقبولیت، شہرت اور اعتبار حاصل ہونے کی بنیادی وجہ شیفتہ کا صحیح شعری ذوق اور ان کی تنقیدی صلاحیت ہے۔ شیفتہ نے یہ کوشش کی ہے کہ روشِ عام اور ہمہ راہ نیکی یاد کردن کے اصول سے بلند ہو کر ہر دور کے شعرا کے کلام کا تنقیدی جائزہ لیا جائے اور ان کا شاعرانہ مرتبہ از سر نو متعین کیا جائے۔ گویا شیفتہ نے یہ کوشش کی ہے کہ اردو شاعری اور شاعروں کا دیانت دارانہ جائزہ لیا جائے۔ اس جائزہ کا مقصد شعرا کی بازیافت نہیں بلکہ ان کے کلام اور شاعرانہ رتبے کا تعین نو ہے۔ شیفتہ سے پہلے اس قسم کی کوشش کا احساس میر کے تذکرے میں بھی کارفرما نظر آتا ہے۔ لیکن میر اکثر اوقات بیدردی طنز و تعریض اور تلخی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ حاتم اور یقین کے ترجموں میں ان کا لہجہ بڑا درشت اور ناروا ہو گیا ہے اور اس درشتی نے میر کی تنقیدی عظمت کو کافی نقصان پہنچایا ہے۔ گردیزی، قائم، شفیق، مصحفی، میر حسن، قاسم، ذکا، سرور اور اسی عہد کے دوسرے تذکرہ نگاروں کے یہاں تنقیدی جائزے کی حیثیت ضمنی ہے۔ شاعرانہ مرتبے کے تعین اور کلام پر دیانت دارانہ رائے کے بجائے بیشتر تذکرہ نگاروں نے تعریف و توصیف کو اپنا شعار بنایا ہے کسی نے ضبط سنین کی کوشش کی ہے۔ کسی نے سوانحی حصہ پر زیادہ توجہ کی ہے۔ کسی نے شعرا کی سیرت ابھارنے کے سلسلہ میں دلچسپ واقعات، حکایتوں اور لطیفوں سے کام لیا ہے (ان سب کی اہمیت اپنی جگہ مسلّم ہے)، لیکن تنقیدی اشارے اول تو ہیں ہی نہیں اور اگر ہیں تو توصیفی الفاظ کے بوجھ سے اتنے دب گئے ہیں کہ ان کی حیثیت مشتبہ ہو گئی ہے۔ تذکرہ نویسی کے اس پس منظر میں گلشن بے خار کی اہمیت اور حیثیت دونوں بڑھ جاتی ہیں۔ شیفتہ نے مختلف شعرا کے بارے میں حقیقت پسندانہ رویّہ اختیار کیا ہے اور اپنے عہد کے شعری معیار اور ادبی قدروں کو ملحوظ خاطر رکھا ہے۔ شیفتہ اپنے عہد کے تقاضوں کے مطابق شعر کو فنِ شریف سمجھتے تھے اور طریقۂ راسخہ سے منحرف ہونے والوں کے بالکل قائل نہیں تھے۔ اسی اشرافیت اور طریقۂ راسخۂ شعرا کی پابندی نے شیفتہ کے بعض بیانات کے نکتہ چیں بھی پیدا کر دیئے۔

انشا اور نظیر اکبر آبادی کے سلسلہ میں شیفتہ نے جن خیالات کا اظہار کیا تھا ان کی بنا پر وہ مورد الزام ٹھہرائے گئے اور گلشن بے خار کے جوابات تحریر کئے گئے۔ ان میں سے ایک جواب حکیم قطب الدین باطن نے گلستان بے خزاں کے نام سے مرتب کیا۔ گلستان بے خزاں کو اسپرنگر نے گلشن بے خار کا ناقابل فہم اردو ترجمہ قرار دیا ہے۔ لیکن یہ رائے صحیح نہیں ہے۔ گلستان بے خزاں کا لہجہ درشت سہی لیکن یہ گلشن بے خار کا ترجمہ نہیں بلکہ بڑا سخت جواب ہے۔

دوسرا جواب مولوی نصر اللہ خاں خویشگی خورجوی المتخلص بہ قمر نے 'گلشن ہمیشہ بہار' کے عنوان سے مرتب کیا۔ خویشگی گلشن ہمیشہ بہار کے دیباچے میں لکھتے ہیں: "بہ عمر سی سال بہ تقریب سیاحت وارد قصبہ بجنور کہ حصہ شمال است از مرادآباد شدہ بود کہ بمطالعہ این ننگ بنی آدم تذکرہ گلشن بے خار کہ از گل تراشی نواب مصطفٰے خاں شیفتہ است درآمد و دل بہ سیر خیابانش مائل شد و ہر یک گلشن را بہ نظر تحقیق دید، صفایش را بہ ہزار تدقیق ملاحظہ نمود سبحان اللہ باایں ہمہ محن و مشقت گلے کم یافت کہ بے خار باشد و روشے ندید کہ صاف از خاشاک بود پس بر عرق ریزی آں ساعی خیر رحم آمد کم بہ تصفیہ اش بستہ و بہ گلبن ہائے بے خارش و نونہالان ہندی و فارسی دیگر گلستانے جداگانہ آراستہ کہ خار را دراں دخلے نیست و خزاں را براں تصرفے نہ لہذا بہ گلشن ہمیشہ بہار نام یافت" اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ خویشگی شیفتہ کی تذکرہ نویسی کے معیار سے مطمئن نہیں تھے۔ اگرچہ انہوں نے باطن کی طرح برہمی کا اظہار نہیں کیا لیکن جہاں کہیں انہیں موقع ملتا ہے وہ شیفتہ اور استاد شیفتہ یعنی مومن کے سلسلہ میں طنز و تعریض سے کام لیتے ہیں۔ مثلاً شیفتہ کے بھائی اکبر خاں اکبر کے ایک مطلع کے سلسلے میں لکھتے ہیں ؎

ہوا نہ شوق سے اس کوچے میں گزر اپنا ۔ ہمیشہ پیچھے رہا ہم سے راہبر اپنا

من می گویم کہ اگر چنیں بودے ہوا ہے شوق سے جب کوچے میں گزر اپنا ۔ ہمیشہ پیچھے رہا ہم سے راہبر اپنا

باخوشس می نمود مگر عجیب است کہ استاد چہ دست کشود اللہم الا ان یقال کہ فکرش رسائی نہ نمودہ۔ اکبر بھی شیفتہ کی طرح مومن سے مشورہ سخن کرتے تھے۔ خوشگی نے ایک تیر سے سب کو شکار کیا ہے۔ مومن کے ایک اور شاگرد شیخ غلام ضامن کرم کے سلسلہ میں لکھتے ہیں ؎

نسبت ہے میرے داغ سے کیا گل کو عندلیب — گو آہ سرزد باد سحر دونوں ایک ہیں

داغ را با گل کہ عبارت از درد است مناسبت نیست۔ بجائے گل اگر لالہ موزوں می کرد حسن تمام می بخشید یا رب کہ استادش از شیفتہ بہ مجاز رفتہ کہ بر کلام شاگرد باوجود مطالعہ اش حرفے نگفتہ" خوشگی نے استاد شیفتہ پر اعتراض کا موقع ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ یہ بات الگ ہے کہ گل کے بجائے لالہ موزوں کرنے سے گل و عندلیب کی مناسبت ختم ہو جائے گی اور شعر میں خلا پیدا ہو جائے گا۔ غلام علی محی الدین عشق کے ترجمے میں خوشگی نے لکھا ہے "اگرچہ بعض سرد طبعان دیوان او را قابل عدم تماشہ نوشتہ اند فاما حق آنست کہ بہ نسبت دیگر خوش می گوید" بعض سرد طبعان سے شیفتہ مراد ہیں جو یہ لکھ چکے تھے "صاحب تصانیف بسیار است آما نظر بہ یکے از دیوانش کہ از نظر گزشتہ و ایں ابیات ازاں منتخب گشتہ شاید کہ آں ہم قابل تماشہ نباشد" اس بحث کو پھیلانے سے پہلے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ خوشگی کے حالات زندگی پیش کر دیے جائیں تا کہ گلشن ہمیشہ بہار کی نئی اہمیت اور حیثیت متعین کرنے کے سلسلے میں صاحب تذکرہ کی شخصیت اور سیرت بھی سامنے رہے۔

مولوی نصر اللہ خاں خوشگی احمدی سلسلہ قادریہ نقشبندیہ کے بزرگ تھے۔ آپ شاہ عبدالحلیم غازی پوری کے مرید اور خلیفہ تھے۔ مولوی نصر اللہ خاں کے والد کا نام حکیم عمر خاں خوشگی تھا حکیم عمر خاں بن ملک داد خاں ایک بزرگ صاحب عظمت و فتوت تھے خورجہ میں علم طب کا فیضان ان کی ذات سے جاری ہوا تھا۔

حکیم عمر خاں کے تین صاحبزادے تھے۔ فیض اللہ خاں، نجیب اللہ خاں[1] اور نصر اللہ خاں

---

[1] نجیب اللہ خاں کا تخلص رمق تھا۔ گلشن ہمیشہ بہار میں ان کا ترجمہ موجود ہے

نجیب اللہ خاں اور نصراللہ خاں توام تھے۔ مولوی نصراللہ کی تاریخ پیدائش معلوم نہ ہوسکی لیکن قیاساً ۱۲۲۰ھ کو ان کا سال پیدائش قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ ان کا انتقال ۲۷ سال کی عمر میں ۱۲۹۹ھ میں ہوا تھا۔ مولوی نصراللہ صغیر سن ہی تھے، کہ ان کے والد کا انتقال ہو گیا اور ان کے ماموں فتح خاں نے ان کی پرورش اپنے ذمہ لے لی۔ چنانچہ مولوی نصراللہ دس برس کے سن میں اپنے ماموں کے ساتھ اعظم گڑھ چلے گئے۔ فتح خاں وہاں تحصیل داری کے عہدے پر فائز تھے۔ اعظم گڑھ میں مولوی نصراللہ سات آٹھ برس تک فنون سپہ گری و جوانمردی کی تکمیل میں مصروف رہے اور پہلوانی، کشتی، گتکہ، پھری، سواری، بندوق، تلوار سب میں کمال حاصل کیا۔ ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ فتح خاں نے ایک کاغذ اور کچھ پیغام حاکم ضلع کو بھیجا۔ مولوی نصراللہ یہ پیغام لے کر گئے۔ حاکم ضلع نے کاغذ دیکھ کر پڑھنے کا حکم دیا۔ مولوی نصراللہ کو بعض الفاظ پڑھنے میں دقت ہوئی اور بڑی غیرت آئی، چنانچہ انہوں نے پڑھنے لکھنے کی طرف بھی توجہ کی۔ ماموں نے ان کا شوق دیکھ کر انھیں مولانا چراغ علی کے سپرد کیا۔ اس وقت مولوی نصراللہ کی عمر ۱۸ سال تھی۔ مولانا چراغ علی نے اپنے شاگرد کو کتب درسیہ، قواعد فارسیہ، عروض، قوافی اور عربی صرف و نحو کی تعلیم دی۔ اس کے بعد مولوی نصراللہ کو علم دین کا شوق ہوا اور انہوں نے مولانا احمد علی چریاکوٹی کا تلمذ اختیار کیا۔ مولانا احمد علی ذی استعداد اور صاحب تصانیف بزرگ تھے ۱۲۴۶ھ میں وہ بنارس چلے گئے اور مولوی نصراللہ کو بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ بنارس کے تین سالہ قیام میں مولانا احمد علی نے اپنے شاگرد کے دل میں صحیح علمی ذوق و شوق اور لگن پیدا کر دی۔ یہ علمی ذوق مولوی نصراللہ کی پوری زندگی میں جاری و ساری نظر آتا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ "کتب درسیہ کہ جن کا معمول فارغ التحصیل علمائے زمانہ کا ہے ان سے بھی علاوہ نبیس کتابیں فقیر نے بحالت تعلق عہدہ ڈپٹی کلکٹری کے بتوجہ استاد اپنے کے پڑھی ہیں، چنانچہ اکثر استاد مرحوم مجھے پابند نوکری کا معذور متصور فرما کر خود میرے مقام پر چندے قیام کیا کرتے اور شکوک و

دقائق علوم کو حل کر دیتے تھے یہ کسی ڈپٹی کلکٹر کا اپنے علمی ذوق کی تسکین کے لئے اساتذہ سے استفادہ کرنا کوئی تعجب خیز اور انوکھی بات نہیں ہے۔ علمی ذوق و شوق کے سلسلے میں یہ بات البتہ قابل توجہ ہے کہ ڈپٹی کلکٹری کی مصروفیات کے باوجود مولوی نصراللہ طلبہ کی ذہنی تربیت میں بھی مصروف رہے۔ مولوی افتخار عالم مارہروی نے حیات النذیر میں لکھا ہے کہ مولوی نصراللہ نے شمس العلما مولوی نذیر احمد اور ان کے بھائی مولوی علی احمد کو ہونہار اور ذہین دیکھ کر اپنے حلقہ درس میں لے لیا تھا۔ مولوی نصراللہ اس زمانہ میں بجنور میں ڈپٹی کلکٹر تھے کچھ عرصہ کے بعد ان کا تبادلہ مظفر نگر ہو گیا تو مولوی نذیر احمد اور مولوی علی احمد بھی ان کے ساتھ مظفر نگر گئے اور پڑھتے رہے۔ مولوی افتخار عالم کا بیان ہے کہ ان دونوں بھائیوں کی طبعی شوخی اور ذہانت کی وجہ سے خان صاحب بہت خوش ہو کر پڑھاتے تھے اور اکثر لوگوں کے سامنے صرف عربی کے سوالات پوچھنے، صیغے دریافت کرنے اور جواب پا کر اظہار مسرت فرماتے۔ جاڑے کے موسم میں دورے پر ساتھ لے جانے اور علم والوں سے صحبت ہوتی تو انہیں دونوں بھائیوں کو پیش کرتے۔ جہاں ڈپٹی صاحب کو شاگرد بنانے اور مرید کرنے کا شوق تھا وہاں یہ بھی تھا کہ اپنی ہی تصنیف کی ہوئی کتابیں پڑھاتے۔ خان صاحب کے ایک نحوی رسالے کا نام قمقام تھا۔ غرض ہمارے مولانا نے وہاں پانچ برس کے عرصہ میں نحو عربی میں شرح ملا تک اور منطق میں تہذیب اور میر قطبی اور فلسفے میں میبذی تک پڑھا[1]۔ درس و تدریس کا شوق، تصنیف و تالیف کا مشغلہ، طلبہ کی تربیت کا جذبہ، مولوی نصراللہ کی زندگی میں جز و اعظم کی حیثیت رکھتا ہے۔ مطالعے کا بے حد شوق تھا اور عمدہ کتاب جس قیمت پر بھی ملتی خرید لیتے تھے۔ مولوی صاحب کی عادت تھی کہ زمین پر کہنی رکھ کر کتاب پڑھتے تھے۔ چنانچہ اس وجہ سے دونوں کہنیوں میں داغ پڑ گئے تھے۔

---

[1] حیات النذیر ۔ افتخار عالم مارہروی ص۱۵

اردو فارسی اور عربی کے علاوہ مولوی نصر اللہ پشتو اور ترکی سے بھی واقف تھے۔

تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد مولوی نصر اللہ اپنے ماموں کے پاس کام سیکھتے رہے اور ۱۲۴۹ھ میں ان کے نائب مقرر ہو گئے کچھ عرصہ کے بعد تحصیل سلیم پور کے منصرم اور بعد ازاں گورکھپور میں تحصیلدار ہو گئے۔ مولوی نصر اللہ انتظامی امور کا فطری سلیقہ رکھتے تھے۔ راست باز اور دیانت دار تھے اس وجہ سے وہ جہاں بھی رہے مقبول رہے ۲۲ اکتوبر ۱۸۳۸ء کو وہ مین پوری میں ڈپٹی کلکٹر مقرر ہوئے۔ ۱۸۳۹ء میں ان کا تبادلہ بجنور ہو گیا۔ گلشن ہمیشہ بہار قیام بجنور ہی کی یادگار ہے۔ ۱۸۴۲ء میں مولوی نصر اللہ بجنور سے مظفر نگر تبدیل ہو گئے۔ یہاں چھ سات برس قیام رہا۔ آخر آخر میں مولوی صاحب گوڑگانوہ میں ڈپٹی کلکٹر مقرر ہوئے۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں آپ یہیں تھے۔ ہنگامہ ختم ہونے کے بعد آپ نے سرکاری نوکری ترک کر دی اور خورجہ میں خانہ نشین ہو گئے کچھ دن خانہ نشین رہنے کے بعد آگرے کے ایک رئیس جوتی پرشاد کا کام انجام دیتے رہے۔ پھر کچھ عرصہ کپورتھلہ میں گذارا لیکن اس ریاست کی ملازمت انہیں پسند نہ آئی اور وہ مستعفی ہو گئے۔ اب مولوی صاحب نے حیدرآباد کا رخ کیا ۱۲ جنوری ۱۸۶۵ء کو وہ خورجے سے روانہ ہوئے اور ۱۹ فروری کو حیدرآباد پہنچے یہاں سرسالار جنگ نے مولوی صاحب کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ اول اول وہ ناظم فوجداری مقرر ہوئے اور آخر میں صدر تعلقہ دار ہو گئے تھے۔ مولوی نصر اللہ کے قیام حیدرآباد کی یادگاران کی مشہور تالیف "تاریخ دکن" ہے۔ "تاریخ دکن" مبسوط کتاب ہے اس سے مولوی نصر اللہ کے عمیق مشاہدے، تاریخی بصیرت، جغرافیائی معلومات کی وسعت اور انتظامی قابلیت کا اندازہ ہو سکتا ہے[1]۔ حیدرآباد میں مولوی صاحب نے بہت اچھا وقت گذارا۔ یہیں سے وہ ۱۲۹۲ھ میں حج بیت اللہ کے لئے گئے تھے دس گیارہ

---

[1] "تاریخ دکن" کا ایک نسخہ انجمن ترقی اردو کے کتب خانہ خاص میں موجود ہے اس کتاب کی تکمیل ۱۲۸۵ھ میں ہوئی تھی اور ۱۲۸۶ھ مطابق ۱۸۷۰ء میں مطبع نولکشور سے شائع ہوئی تھی۔

سال کی ملازمت کے بعد سالار جنگ نے آپ کا وظیفہ مقرر کردیا اور مولوی صاحب نے خورجے واپس آکر درس وتدریس، طلبہ کی ذہنی تربیت اور روحانی سلسلے کو رونق بخشی۔ مولوی نصراللہ کی زندگی کا یہ دور صوفیائے کرام کی یاد تازہ کرتا ہے اس عہد میں وہ ذہنی اور روحانی اصلاح میں ہمہ تن مصروف نظر آتے ہیں ۱۲۹۹ھ میں ۲۷ سال کی عمر میں مولوی صاحب کا وصال ہوا۔ مزار خورجہ میں مرجع خاص وعام ہے۔

ابتدا میں عرض کیا جاچکا ہے کہ مولوی نصراللہ قادریہ نقشبندیہ سلسلہ کے بزرگ اور شاہ عبدالعلیم غازی پوری سے بیعت تھے۔ شاہ صاحب نے مولوی صاحب کو خرقۂ خلافت بھی عطا کیا تھا۔ مولوی صاحب کے مریدوں اور معتقدوں کا حلقہ بہت وسیع تھا دراصل مولوی صاحب کی پوری زندگی فیض رسانی، خلق خدا کی خدمت اور روحانی سربلندی کا نمونہ تھی۔

مولوی نصراللہ کی تصانیف کی فہرست خاصی طویل ہے اور یہ فہرست اردو، فارسی، عربی اور نثر کی پر محیط ہے۔ ان تصانیف کی تفصیل یہ ہے۔

گلشن ہمیشہ بہار	تذکرہ شعرائے اردو	فارسی
تاریخ دکن		فارسی
جامع الصرف		
منبع الصرف		
مجمع الصرف		
رکاز مظفر نگر		
نخبہ حسان النحو		فارسی
مقام النحو		عربی
حکمت بالغہ		اردو
تحفۃ المصلین		

شرح رباعیات یوسفی		فارسی
تریاک خورجب		
جامع فتح خانی	مشتمل برحالات فتح خاں	فارسی
تنویر تدابیر	قانون حیدرآباد	عربی
گنگ کچھری		اردو
نحو الصبا فین		
لغت عربی و فارسی		
تفسیر منیر اول		
یمن اظفری		ترکی

ان تصانیف کے علاوہ مولوی صاحب نے حکیم رضا علی خاں مرحوم حیدرآبادی کی کتاب "تذکرۃ الہند" کو اپنی تصحیح کے ساتھ ۱۲۹۰ھ میں شائع کیا اور حواشی کے ساتھ ساتھ کتاب کے آخر میں خاتمہ بھی لکھا ہے[1]

مولوی نصراللہ کی ان تصانیف سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہیں ادبیات کے مقابلہ میں علوم سے زیادہ شغف تھا اگرچہ وہ شعر بھی کہتے تھے اور قمرؔ تخلص کرتے تھے لیکن شاعری ان کی زندگی میں کسی خاص اہمیت کی حامل نظر نہیں آتی۔ فن شعر میں ان کے تخلیقی اظہار کو جوانی کی امنگ اور ذوقِ محفل آرائی سے زیادہ حیثیت نہیں دی جا سکتی۔ غالباً مولوی صاحب نے دیوان بھی مرتب نہیں کیا تھا کیونکہ ان کی فہرست تصانیف اس کے ذکر سے خالی ہے۔ دیوان مرتب نہ کرنا بھی اسی امر پر دلالت کرتا ہے کہ مولوی صاحب کی شاعری ایک وقتی جذبے کے تحت ابھری تھی۔ وقت کے ساتھ یہ جذبہ بھی سرد پڑ گیا لیکن اس جذبے سے یہ فائدہ ضرور ہوا کہ شعرائے اردو کا ایک تذکرہ

---

[1] مولوی نصراللہ کے حالات گلشن ہمیشہ بہار کے علاوہ ان کی سوانح عمری 'بیاض جانفزا' مرتبہ مولوی فرید احمد قادری غازی پوری۔ "تاریخ دکن" اور حیات النذیر سے ماخوذ ہیں۔

مرتب ہو گیا۔

گلشن ہمیشہ بہار اردو اور فارسی کے چار سو بیس شعرا کے تراجم پر مشتمل ہے۔ اس میں اہم اور غیر اہم دونوں طرح کے شعرا شامل ہیں۔ تذکرہ نگار جن شعرا سے ذاتی طور پر واقف ہے ان کے حالات اور انتخاب کلام میں غیر معمولی طوالت سے کام لیا گیا ہے ہر چند کہ یہ طریقہ کار اصول تذکرہ نگاری کے منافی ہے لیکن مصنف نے اسی کو مد نظر رکھا ہے۔ گلشن ہمیشہ بہار ۱۲۷۰ھ مطابق ۱۸۵۳ء میں شائع ہوا تھا جس مطبوعہ نسخہ پر موجودہ نسخے کی بنیاد رکھی گئی ہے اس کا سال اشاعت ۱۲۷۰ھ ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ۱۲۷۰ھ سے پہلے بھی اس کی اشاعت ہوئی ہو لیکن یہ دعویٰ محتاج ثبوت ہے۔ دراصل اس خیال کی وجہ یہ ہے کہ گلشن ہمیشہ بہار اپنے مصنف کے بقول اس زمانے کی تصنیف ہے جب مصنف کی عمر ۳۰ سال کی تھی۔ مولوی نصر اللہ کا یہ بیان ہم سبب تالیف کے ذیل میں پہلے ہی نقل کر چکے ہیں۔ اس بیان کی رو سے گلشن ہمیشہ بہار ۱۲۵۷ھ کی تصنیف ٹھہرتا ہے۔ مولوی صاحب اس زمانے میں بجنور میں ڈپٹی کلکٹر تھے۔ سبب تالیف کے علاوہ مولوی صاحب نے اپنے ترجمے میں بھی صراحت کی ہے کہ "حالا عمرسی سالگی است بہ تحریک بعض احباب سخن گو گوہر شناس مجلس مشاعرہ می آراید۔" مولوی صاحب کے اس بیان کی تائید بعض قرآئن سے بھی ہوتی ہے۔ گلشن ہمیشہ بہار میں نظام الدین ممنون متوفی ۱۲۶۰ھ، خواجہ حیدر علی آتش متوفی ۱۲۶۳ھ اور فتح خاں اسد تخلص متوفی ۱۲۶۲ھ کے ترجموں سے ان کے بقید حیات ہونے کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ اس سلسلہ کا ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ مولوی نصر اللہ نے اپنے ترجمے میں اپنے ماموں فتح خاں اسد کا تذکرہ ایک زندہ شخص کی حیثیت سے کیا ہے، لیکن ایک جگہ ان کے نام کے ساتھ "رحمۃ اللہ علیہ" کے الفاظ بھی ملتے ہیں۔ یہ اضافہ غالباً تذکرے کی اشاعت کے وقت ہوا ہے۔ یہاں ایک اور غلط فہمی کی طرف اشارہ بھی ضروری ہے۔ "نگار پاکستان" تذکرہ نمبر میں گلشن ہمیشہ بہار کے تعارف میں یہ جملے ملتے ہیں: "بعض قرآئن سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ تذکرہ ۱۲۷۰ھ مطابق ۱۸۵۳ء میں ہی مکمل ہوا اور اسی سال شائع کر دیا گیا۔ اس خیال کو یوں بھی

تقویت پہنچتی ہے کہ مصنف نے شیخ محمد ابراہیم متوفی ۱۲۷۱ ھ کو بقید حیات اور مومن خاں مومن متوفی ۱۲۶۸ ھ کو متوفی ظاہر کیا ہے۔ یہ بیان صحیح نہیں کیونکہ مومن کے ترجمے سے ان کی وفات کا احساس نہیں ہوتا بلکہ یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس ترجمے کی تحریر کے وقت مومن بقید حیات تھے۔ مومن کا ترجمہ یہ ہے " مومن خاں مومن از دودمان گرامی دارخاندان نامی است۔ از روز ولادت الی آن بہ سبب موافقت جہاں آباد و اہل آں بہ کشتی حرکت نہ کردہ و بوصل شاہدان شیریں و وصائل یاران نگین بلبلان نوشیں کام زباں حلاوت آگیں۔ نکتہ دان شیریں بیاں سخن گوے بر دش نکوے در طب طبیبے آزمودہ و در ہر علم نصیبے کافی ربودہ۔ دیوانش مملو از اصناف سخن و بہ شہرہ مثنویات او بہ اکناف زمن امروز جنس سخن را در بازار سخنوران از رواجے و بزمرہ عشق بازان این دیار عالی مزاجے است۔ اگرچہ بہ او بر نخوردہ ام فاما تیر محبتش بر دل خوردہ ام "۔ آخری جملے نے بات بالکل واضح کردی ہے۔ ابتدائی جملوں میں بھی از روز ولادت الی آں سے مومن کے بقید حیات ہونے کا ثبوت مل جاتا ہے۔ ان تمام باتوں سے قدرتی طور پر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ گلشن ہمیشہ بہار ۱۲۵۷ ھ کی تصنیف ہے۔ ۱۲۷۰ ھ میں اشاعت پذیر ہونے سے یہ سوال البتہ پیدا ہوتا ہے کہ تیرہ سال تک اس کی اشاعت کیوں نہیں ہوئی یا پھر یہ کہ ۱۲۷۰ ھ سے پہلے بھی اس کی اشاعت ہوئی تھی۔ اس سوال کا کوئی جواب ممکن نہیں۔ بہرحال گلشن ہمیشہ بہار کی تصنیف اور اشاعت میں تیرہ سال کا فصل ہے۔ لیکن اس فصل میں مصنف نے تذکرے میں کوئی اضافے نہیں کئے اور نہ اس دوران میں وفات پانے والے شاعروں کے ترجموں میں ضروری ترمیم کی۔

ہم ابتدا میں اس امر کی صراحت کر چکے ہیں کہ گلشن ہمیشہ بہار کی تصنیف کا مقصد جوابی کارروائی ہے۔ مولوی نصراللہ موقع محل کی مناسبت سے شیفتہ اور استاد شیفتہ کے سلسلے میں طنز و تعریض کو روا رکھتے ہیں لیکن بحیثیت مجموعی وہ شیفتہ کی خوشہ چینی سے آگے نہیں بڑھے۔ معدودے چند شاعروں کے علاوہ جن سے وہ ذاتی طور پر واقف تھے (اور یہ سب غیر اہم شاعر ہیں) باقی تمام شعرا کے ترجموں میں انہوں نے شیفتہ سے استفادہ ہی نہیں کیا بلکہ چند نقروں کی تبدیلی سے ان کی

پیش کردہ معلومات کو اپنا سرمایہ بنا لیا ہے۔ دوسروں کی معلومات سے فائدہ اٹھانا کوئی معیوب بات نہیں۔ چراغ سے چراغ جلتا آیا ہے لیکن دوسروں کی معلومات کو اپنا سرمایہ بنا لینا یقیناً قابل اعتراض ہے اور خصوصاً اس صورت میں جب کہ مقصود و منشا ردکھنا ہو۔ بات صرف شعراء کے ترجموں ہی تک محدود نہیں رہتی بلکہ انتخاب کلام میں بھی یہی کیفیت نظر آتی ہے ہم نے متن میں ان تمام اشعار کی نشاندہی کی ہے جو گلشن بے خار سے لئے گئے ہیں۔ اس تقابلی مطالعے سے یہ واضح ہو جائے گا کہ گلشن ہمیشہ بہار میں گلشن بے خار کا فیض کس حد تک نمایاں ہے۔

مولوی کریم الدین نے تذکرہ نگاری کو تاریخ کی شاخ قرار دیا ہے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ شعراء کے حالات قلم بند کرنے کے سلسلے میں تاریخ کے اصولوں کو مدنظر رکھا جائے ضبط سنین کی کوشش کی جائے اور شعراء کی زندگی کو تاریخی ترتیب اور دیانت کے ساتھ پیش کیا جائے۔ ہماری تذکرہ نویسی کی روایت میں بعض ایسے تذکرے ملتے ہیں جن میں یہ اصول برتے گئے ہیں۔ ضبط سنین کے اعتبار سے شفیق اور مصحفی کے تذکرے اور تاریخی اصولوں کے اعتبار سے علی ابراہیم کا تذکرہ گلزار ابراہیم مثال کے طور پر پیش کئے جا سکتے ہیں۔ عام تذکرہ نگاروں نے بھی اکثر و بیشتر ان اصولوں پر عمل کیا ہے اور مختلف شعراء کے سن وفات قلم بند کئے ہیں لیکن مولوی نصر اللہ نے اس سلسلہ میں کوئی خاص اہتمام نہیں برتا ہے۔ وہ تاریخ کا بڑا اچھا ذوق رکھتے تھے۔ تاریخ دکن اسی ذوق کا کرشمہ ہے مگر گلشن ہمیشہ بہار میں ضبط سنین اور واقعات کی تاریخی تنقیح کا وہ تصور نہیں ملتا جو تاریخ دکن کے مولف کے شایان شان ہے

کسی تذکرے کی قدر و قیمت اور حیثیت متعین کرنے کے سلسلے میں جن اصولوں کو مدنظر رکھنا پڑتا ہے ان میں پہلا اصول خود تذکرہ نگار کی شخصیت ہے۔ اہم ادبی شخصیتوں نے جو تذکرے مرتب کئے ہیں ان کی حیثیت بہت اہم ہے۔ میر، قائم، مصحفی اور شیفتہ کے تذکرے صاحب تذکرہ کی اہم ادبی شخصیت کی وجہ سے بہت زیادہ اہم ہو گئے ہیں۔

مولوی نصراللہ اپنے دور کی ایک اہم شخصیت تھے لیکن ادبی اعتبار سے انہیں کوئی نمایاں مرتبہ حاصل نہیں تھا اس وجہ سے گلشن ہمیشہ بہار کو وہ ادبی افتخار حاصل نہیں ہو سکا جو بعض دوسرے تذکرہ نگاروں کے حصے میں آیا۔ ان تذکرہ نگاروں نے جو میر، قائم، مصحفی اور شیفتہ جیسا ادبی مرتبہ نہیں رکھتے تھے اپنے تذکروں میں شعرا کی شخصیت ابھارنے کی کوشش کی۔ دلچسپ واقعات، معاصرانہ چشمک اور نوک جھونک کے بیان ادبی مناقشوں کی تفصیل اور عام شاعرانہ فضا کے اظہار سے ان لوگوں نے اپنے تذکروں کو دلچسپ اور جاذب نظر بنا دیا اور شاعروں کو زندہ حیثیت سے پیش کیا۔ مجموعۂ نغز، خوش معرکۂ زیبا اور گلستان سخن میں یہی انداز اختیار کیا گیا ہے اور جامعیت کی کوشش کے باوجود شاعر اور شاعرانہ فضا اور ماحول کو اجاگر کرنے میں سلیقے کو مدنظر رکھا گیا ہے تذکرہ نگاروں نے مختلف شعرا کا مقابلہ و موازنہ بھی کیا ہے اور ہر تذکرے میں تذکرہ نگار کی ذاتی تحقیق و جستجو کا بڑا حصہ شامل ہوتا ہے۔ گلشن ہمیشہ بہار میں یہ خصوصیات برائے نام ملتی ہیں۔ تاہم اس میں بعض ایسی معلومات ضرور موجود ہیں جن کی وجہ سے اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہم نے حواشی میں اس نوع کی معلومات کی صراحت کی ہے۔ گلشن ہمیشہ بہار کی تنقیدی اور تحقیقی خوبیاں اور خامیاں بھی حواشی ہی میں معرض بحث میں آئی ہیں لہذا یہاں ان کا تذکرہ ضروری نہیں سمجھا گیا کہ یہ خواہ مخواہ کی تکرار ہوگی۔

گلشن ہمیشہ بہار اگرچہ ایک جوابی تذکرہ ہے لیکن مولوی نصراللہ کا لب و لہجہ مہذب، سنجیدہ اور متین ہے۔ ایراد و اعتراض کے مواقع پر بھی ان کی متانت اور سنجیدگی برقرار رہتی ہے جو ایک علمی اور ادبی تصنیف کے شایان شان ہے۔ مولوی نصراللہ چونکہ ایک صوفی بزرگ تھے اس لئے تذکرے میں بھی انہوں نے صوفیانہ اخلاق کو برقرار رکھا ہے اور علمی سنجیدگی کی فضا ہر جگہ برقرار رکھی ہے۔

گلشن ہمیشہ بہار کی ترتیب ابجد کے قاعدے پر ہے اگرچہ اس ترتیب میں جا بجا خامی

کا احساس ہوتا ہے۔ الف ممدودہ اور مقصورہ میں کوئی فرق نہیں کیا گیا اور کاف گاف میں کوئی امتیاز نہیں برتا گیا۔ تذکرے کی ابتدا فتح خاں المتخلص بہ اسد کے ترجمے سے ہوتی ہے۔ فتح خاں مولوی نصر اللہ کے ماموں تھے۔ انھیں کی آغوش تربیت میں مولوی نصر اللہ نے پرورش پائی تھی۔ فتح خاں سے تذکرے کی ابتدا کرنا عقیدت کا بڑا مؤثر اظہار ہے۔ اسی سے مولوی نصر اللہ کے مزاج۔ افتاد طبع اور شرافت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

ابتدا میں صراحت کی جا چکی ہے کہ گلشن ہمیشہ بہار اردو اور فارسی کے شعرا کا تذکرہ ہے۔ بنیادی طور پر یہ شعرائے اردو ہی کا تذکرہ ہے۔ فارسی شعرا کی حیثیت ضمنی ہے۔ فارسی کے جو شعرا اس میں شامل ہیں وہ سب کے سب ایسے ہیں جن سے مولوی نصر اللہ ذاتی طور پر واقف تھے۔ گلشن بے خار کے مقابلے میں گلشن ہمیشہ بہار میں شعرا کی تعداد خاصی کم ہے۔ دراصل مولوی نصر اللہ نے نسبتاً زیادہ معروف شاعروں کو اپنے یہاں جگہ دی ہے۔ انھوں نے جو اضافے کیے ہیں وہ ان شاعروں کے ہیں جو غیر معروف تو تھے لیکن مولوی صاحب اُن سے بذاتِ خود واقف تھے۔

گلشن ہمیشہ بہار اگرچہ ۱۲۷۰ھ میں شائع ہو گیا تھا لیکن اردو کی ادبی تاریخوں میں اس کے حوالے نہ ہونے کے برابر ہیں اور مطبوعہ نسخہ بھی بہت کمیاب ہے۔ مطبوعہ نسخے کی کمیابی تو تعجب خیز نہیں لیکن یہ سوال ضرور اہم ہے کہ ہمارے ادبی مورخوں نے اس تذکرے سے کیوں اغماض برتا۔ بظاہر اس کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔ مولوی نصر اللہ شاعر کی حیثیت سے معروف نہیں تھے معاصر تذکرے ان کے ترجمے سے خالی ہیں، شاعر کی حیثیت سے ان کا نام نہ آنا اپنی جگہ صحیح لیکن تذکرہ نگار کو اس طرح فراموش کر دینا کہ اس کا اور اس کے تذکرے کا کہیں نام بھی نہ آئے یقیناً حیرت کا باعث ہے مولوی نصر اللہ اپنے دور کے معروف بزرگ تھے انہوں نے گلشن ہمیشہ بہار میں بھی اپنے حالات تفصیل سے

لکھے ہیں اور ان کے ایک مرید مولوی فرید احمد فاری پوری نے بھی بیاض جانفزا کے عنوان سے ان کی سوانح مرتب کرکے شائع کی تھی۔ لہذا یہ عذر بھی قابل قبول نہیں ہو سکتا۔ کہ تذکرہ نگار کے حالات دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے اس کے کارنامے کو نظر انداز کیا گیا۔ بظاہر تو یہ وجہ سمجھ میں آتی ہے کہ گلشن ہمیشہ بہار کی محدود اشاعت اور نایابی نے اسے معروف نہ ہونے دیا اور لوگ اس کے وجود سے بے خبر رہے۔

یہاں ایک غلط فہمی کا ازالہ بھی ضروری ہے۔ پروفیسر ممتاز حسین نے میر امن کی تاریخ وفات متعین کرنے کے سلسلہ میں گلشن ہمیشہ بہار کا ایک اقتباس پیش کیا ہے۔ ان کا پورا بیان یہ ہے: "نصر اللہ خاں قمر خورجوی اپنے تذکرے گلشن ہمیشہ بہار میں احسن شاعر کے ذکر میں یوں لکھتے ہیں" احسن۔ میر احسن نام دارد۔ پسر میر امن از خوش فکران مرشد آباد است۔ جوانے دلچسپ دیا اکثر خوبی موصوف، مدتے در عظیم آباد می باشد و از فیض صحبت فقیہہ صاحب درد مند شاگرد مرزا مظہر جانجاناںؒ۔ انشا خوب می نویسد و در تاریخ دانی دستگاہ درست دارد۔ پدرش روز پنجشنبہ وقت صبح سال ۱۲۱۷ھ رہ آورد بادیۂ فنا شد۔ بعد وفات پدر نا مدار نواب الدولہ کہ از امرائے آں دیار اند او را بسلک مصاحبت خود منسلک کردند"۔ گلشن ہمیشہ بہار کا جو مطبوعہ نسخہ ہمارے پیش نظر ہے اس میں میر حسن احسن کا ترجمہ ہے نہ یہ عبارت۔

بحیثیت مجموعی گلشن ہمیشہ بہار اوسط درجے کا تذکرہ ہے لیکن اردو تذکرہ نگاری کے ارتقا میں اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ گلشن بے خار سے ماخوذ ہونے کے باوجود اس میں مصنف کی ذاتی تحقیق و جستجو بھی موجود ہے اور اس کے ذریعہ سے بعض نئی معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔ ادبی تحقیق و جستجو کے موجودہ دور میں ادبی تاریخ کے تمام ماخذ کو منظر عام پر لانے

---

(۱) باغ و بہار مرتبہ ممتاز حسین ص ۲۷-۲۸

کی کوششیں ہو رہی ہیں تاکہ ادبی تاریخ کے تمام پہلو سامنے آجائیں اور ہر پہلو کی تنقیح ہو جائے۔ اسی خیال کے پیش نظر انجمن ترقی اردو نے اسے اپنے اشاعتی پروگرام میں جگہ دی جس مطبوعہ نسخہ پر موجودہ نسخے کی بنیاد رکھی گئی ہے وہ ترقی اردو بورڈ کراچی کی ملکیت ہے۔

اس تذکرے کی ترتیب میں جن بزرگوں اور دوستوں نے میری اعانت فرمائی ان میں پہلا نام جناب محمد ابوبکر خاں صاحب خویشگی رئیس خورجہ کا ہے جو صاحب تذکرہ کے پوتے ہیں موصوف ہی کے کرم سے میری رسائی مولوی نصر اللہ کی سوانح عمری تک ہوئی اور بعض بڑی اہم باتیں بھی معلوم ہوئیں۔ میں موصوف کا بیحد شکر گذار ہوں۔ جناب ڈاکٹر ابو اللیث صاحب صدیقی صدر شعبہ اردو، جامعہ کراچی، استاذی ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب صدر شعبہ اردو جامعہ سندھ، استاذی پروفیسر غضنفر امروہوی صدر شعبہ اردو اردو کالج اور برادرم شمس زبیری مدیر نقش نے مجھے مفید مشوروں سے نوازا۔ جناب لطیف اللہ صاحب بخاری استاد شعبہ اردو گورنمنٹ کالج ناظم آباد نے متن کی تصحیح اور مقابلے میں میرا ہاتھ بٹایا میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

روشن سراج ناظم آباد ۲، کراچی ۱۸ اسلم فرخی ۲۰ مئی ۱۹۶۰ء

ان هذه تذكرة

دل سیری باد دیوان گو عالم سے مجمع ریختہ + باغ میں گلشن ہمیشہ بہار سے یہ تحفہ تذکرہ

الحمد للہ کہ بنا نمیدامیزد ذو الجلال تذکرہ عجیب و غریب کہ بر تعلش
منجر از فصاحت و بہ سطر سطرش دال بر بلاغت ییفنے

گلشن ہمیشہ بہار

سالم از لحن ادیبو زبان عجب گردار و حلو از چند لسان خوش شنوا
دلدادگان شیرین گفتار از خیابان ارایش باغبان گلدار شیرینیا

مصنفہ مولوی عبد العلیم نصر اللہ خان خویشگی احمدی خورجوی دام ظلہ

در مطبع مفتاح الاخبار باہتمام محمد عثمان خان جلیۂ انطباع پوشید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہزاران ہزار حمد و ثنا بہار آرائے گلستان فصاحت راست کہ طوطیان چمن قدم و گلشن حدوث بالوف لطائف و صنوف نکات ہر دم بسپاسش صفیر سنجی از توئی توئی می کنند و گلدستہ ہائے درود بے شمار نثار نخل بند گلشن بلاغت باد کہ قمریان تنزیہ و تشبیہ بحسن نطقش بصد شوق دید ارش صدائے کوکو میزنند سیرابی بخش بوستان غبرا و رونق دہ صحن خضرا تا چار باغ دین و دنیا با نتظام ہر چہار پیشکاران صدق و یقین گل فشاں است ازیں سو ہدیہ بروح پاک شاں رساند و ازاں سو قبول گرداند پس ازیں ژولیدہ بیان میگوید عبد العلیم نصر اللہ خاں اثیم احمدی خویشگی خورجوی درگذر وحق از کردہ او کہ بعمر سی سالہ (۳۰) بتقریب سیاحت وارد قصبۂ بجنور کہ حصہ شمالی است از مراد آباد شدہ بود کہ بمطالعہ ایں ننگ بنی آدم تذکرہ گلشن بے خار کہ از گل تراشئ نواب مصطفٰی خاں شیفتہ است ۔ درآمد و دل بسیر خیابانش مائل شد و ہر یک گلشن را بنظر تحقیق دید و صفائش را بہزار تدقیق ملاحظہ نمود سبحان اللہ بایں ہمہ

محن و مشقت موجد گلے کم یافت کہ بے خار باشد و ردشے ندید کہ صاف از خاشاک بود پس بہ عرق ریزی آں مساعی خیز رحم آمد کمر بہ تصفیہ اش بستہ ولگبن ہائے بے خارش و منونہالان منہ دی زنارسی دیگر گلستا نے جداگانہ آراستہ کہ خار را دران دخلے نیست و خزاں را بران تصرفے نہ لہذا "گلشن ہمیشہ بہار" نام یافت۔ چشم انصاف بکشا و بسیرش درآ۔

خیابان "الف" کہ آبیاری حرف اول سیراب گلغشان است۔

اسد۔ اسد خاں مشہور بہ فتح خاں

اسد تخلص و اسد خاں نام مشہور لفتح خاں از عالی خاندان خورجہ است از قوم خلیل راقم حروف نسبت ہمشیرہ زادگی و فرزندی باں والاتبار و حاتم دوراں دارد وکسب سخن از فارغ شاہ خورجوی کردہ درحلقہ زبان آوراں نامی بمجلسہ اہل علوم گرامی شد مدائے دراز در وصف دلاداران بافسری لبر بردہ کہ نتیجہ اش از سرکار ہائے انگلینڈ باوجود لبر بردن عمرے بامانت و دیانت خبر عہدہ تحصیل داری بیچیک بدست نیاوردہ این راجبر کجروی چرخ ناہنجار و گردون دون پرور وعکس رفتار چہ تصور کردہ آید چہ سرکار عالی اہالی انگلینڈ فی الحال نچنانست کہ سعی کسے را زایل کند و مزدش ضبط کند بالفعل در چکلہ اعظم گڑھ خاص کہ از متعلقات سرکار جون پور است بہ عبادات الٰہی و انجام کار سرکار بامانت تا منتہای بایں عمر کہ زاید از شصت سال خواہد بود لبسر می برد و متوقع قدردانی است۔ بحکم۔ ع

مردے از غیب بروں آید و کارے بکند

زاید از سی سال شد کہ بسبب بے زری قصد وطن نکرد و اوصاف جمیلہ و حمایدہ نبیلہ آں برگزیدہ انفس و آفاق بر زبان خلایق نہ بحدے جاریست کہ در تحریر آری و اگرچہ از زمان دراز زیادہ از زیادہ نتائج افکار آں بزرگ بدست

خلایق رسیدہ فاما نوبت تدوین آں بسبب علوی ہمت آں حاتم زمان ہنوز نہ رسیدہ فکر عالی در فارسی و طبع عالی در ہندی دارد از وست شعر:۔

می خلد در سینہ ہر دم تیر مژگان کسے　　تا قیامت بہ نگردد زخم پیکان کسے

سرو را با قامت دلدار نسبت می دہند　　سرو یک چوب است با رعنائی تنہا کسے

جاں بلب آمد ز بیتابی ولے حاصل نہ شد　　اے اسد یک قطرہ از چاہ زنخدان کسے

صدا پُر درد آہے سرد و چشم زار باید
ترا سوزے دسازے اے دل چو موسیقار باید

اگر می آمدی یارم بہ گل گشت چمن اے سرو
باستقبال تعظیمش ترا رفتار باید

آہوئے چشم تو ز گلشن حسن　　سنبلستان چہ بہرہ می آید

اے اسد از رسائی طبعت　　ہر کلامت رسیدہ می آید

جور و جفا سے پیارے دل چور ہے ہمارا　　تس پر بھی قتل تم کو منظور ہے ہمارا

حیرت میں کیوں کھڑا ہے احوال دیکھ ہمدم　　مدت سیتی یہی کچھ دستور ہے ہمارا

اک عمر ہو گئی ہے آنکھوں کو بہتے بہتے　　جاری نہ آج کل سے ناسور ہے ہمارا

اس دن سے لا کے یارو بند قفس میں ڈالا　　ورنہ تو آشیانہ بس دور ہے ہمارا

پہونچا ہے عاشقی سے از بسکہ فیض ہم کو　　ہر شہر میں اسد خاں مذکور ہے ہمارا

۱؎ فتح خاں کا انتقال ۱۷ ذیقعدہ روز یکشنبہ ۱۲۶۲ھ مطابق ۸ نومبر ۱۸۴۶ء کو اعظم گڈھ میں ہوا تھا۔ خوشگی نے ان کے حالات 'فتح خانی' میں تحریر کئے ہیں۔

وانکہ صاحب تذکرہ گلشن بے خار این مطلع ـــ دلہ

کیا ہوا گر چشم نم سے خوں ٹپک کر رہ گیا

بادۂ گل گوں کا ساغر تھا چھلک کر رہ گیا

از الفت خاں خورجوی متخلص بعاجز نوشتہ راہ راست را درست نہ پیمودہ من می گویم کہ کس از افاغنہ خورجہ نہ الفت خاں نام دارد و عاجز تخلص بلکہ این مطلع کہ در شہرت حکم آفتاب دارد از افق طبع طغرائے من است[۱] از اشعار مطلع است دلہ :۔

ایک کیا کوہ طور جل جاتے یہ سب ارض وسما[۲]

خیر تھی اس میں کہ ذرہ ہی چمک کر رہ گیا

لخت دل آیا تھا یار و اشک کے ہمراہ ہو

نوک مژگاں تک جو پہونچا پھر اٹک کر رہ گیا

آتش فرقت سے تیری شمع رو یکبارگی

تن مرا جوں خار و خس تھا سب بھبک کر رہ گیا

راز الفت تھا جو کچھ قیس نے پہچانا تھا

عین ہشیار تھا اس فن کا نہ دیوانہ تھا

---

۱ یہ مطلع نہ الفت خاں عاجز کا ہے نہ اسد خاں اسد کا ہے بلکہ شاہ نصیر کا ہے۔ انتخاب دیوان شاہ نصیر میں مولانا حسرت موہانی نے نصیر کا یہ مطلع اور تین شعر درج کیے ہیں۔

۲ لفظ یہ زائد ہے۔ مصرع یوں ہوگا۔ ایک کوہ طور کیا جل جاتے سب ارض وسما۔

کیا مجھکو شعور گفتگو کا | جو بات کہی اسی میں چڑ کا
جینے کی ہوس نہ موت کا غم | میں سر سے گزر چکا کبھو کا
قسمت پہ ہے وصل یار موقوف | یہ کام نہیں ہے جستجو کا
ساغر کو مرے تو بھر دے ساقی | کیوں بند کیا ہے منہ سبو کا
اس جا سے اسد کو مت اٹھاؤ | بیٹھا ہے یہ منتظر کسو کا

اس کماں ابرو نے یہ کیا کام شائستہ کیا
تیر مژگاں سے غریب عاشق کا دل خستہ کیا
زندگی رندوں کی کیوں کر ہوگی اے پروردگار
محتسب نے میکدہ کا بند اب رستہ کیا
ایک بوسہ پہ بکا تو بیچنے دل کے تئیں
اے اسد کیوں گوہر نایاب کو سستا کیا

شکل یوسف کی کہاں اور اے پیارے تم کہاں
ہمسر خورشید ہووے طاقت انجم کہاں
کچھ نہایت ہی ملائم تھا بدن اس یار کا
پا سکے ہے اس کو اے دل نرمی قاقم کہاں
گر تجھے دینا ہے ساقی دے دے اب جام شراب
گردش گردوں ہے پھر یہ میکدہ اور خُم کہاں
اے مسیحا دم تو اپنے کُشتگاں کی لے خبر
منتظر اعجاز لب ہیں پھر صدائے قُم کہاں
سرہانے دیکھ مجھکو یوں لگا کہنے وہ شوخ
اے اسد بیٹھے ہی بیٹھے ہوگیا ہے گُم کہاں

آتش۔ خواجہ حیدر علی

آتش تخلص خواجہ حیدر علی نام از شعرائے مسلم لکھنواست۔ آزادانہ بسر می برد و حتا کسارانہ در مجمع نکتہ سنجان ہوشمند شعرش دل پسند۔ پایہ بلند دارد ایں اشعار از نتائج فکر آں موزوں طبع بہ ثبت در آمدہ شعر:۔

جیسی ہیں بوئے گل کی طرح سے جہاں میں ہم
نکلے تو پھر کے آئے نہ اپنے مکاں میں ہم (گ۔ب)

لہ

خاک میں مل کے کبھی ہوگا یہ غبارِ دامن
کمرِ یار سے اُٹھتا نہیں بارِ دامن ”

لہ

ایڑیوں تک نہ تری چوٹی کی رسائی ہوتی
کل جو آئی تھی بلا آج ہی آلئے ہوتی ”

آبرو۔ شاہ مبارک

آبرو تخلص شاہ مبارک نام لقب نجم الدین نژادش از گوالیار است۔ از اولاد محمد غوث رحمۃ اللہ علیہ نسبت تلمذ با آرزو دارد طبع متانت مائل بسخن نفیس در ہر الباب قابل۔ ازوست بیت۔

پھرتے تھے دشت دشت دوانے کدھر گئے
وہ عاشقی کے ہائے زمانے کدھر گئے (گ ب)

سر سے رنگا کے پاؤں تلک دل ہوا ہوں میں

یاں تک تو فن عشق میں کامل ہوا ہوں میں

امجد۔ نواب امجد علی خاں

امجد تخلص نواب امجد علی خاں نام از اولاد نواب عبدالاحد خان بہادر بود، خاک نژادش از کشمیر و مولدش بقعہ پاک کہ عبارت از شاہ جہان آباد است۔ در بطون حصول نسبت از حضرت شاہ آبادانی دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نمودہ بخرقہ و کلاہ سر افتخار افراختہ و باجازت بلکھنو شتافتہ بکارہائے جلیل اعزاز نیافتہ آخر بعہدہ امیر نزک در سرکار شاہ اودھ سرافراز بودہ صدہا کس از فیض ظاہری و باطنی آں بزرگ مستفیض شدند صاحب استعداد بلیغ بود و در کشور سخن صاحب بزلیغ عرصہ شد کہ بر شعر

وقت آں آمد کہ من عریاں شوم　　　جسم بگزارم سراسر جاں شوم

جاں بجاں آفریں سپردہ۔ رحمتہ اللہ علیہ۔ از وست۔

مری نظروں میں جب اس زلف کی تصویر پھرتی ہے

تو وحشت ساتھ اپنے لئے زنجیر پھرتی ہے

الٰہی خیر کیجو تیس کی کچھ جی دھڑکتا ہے

کہ لیلیٰ صحن خانہ اپنے میں دل گیر پھرتی ہے

جنوں نے جوش جن باتوں سے ڈالا قیس کے دل میں

ہمارے دل میں بھی اب۔ تو وہی تقریر پھرتی ہے

بہت چاہا کہ اے امجد نہ ہو اس شوخ کے عاشق

ولیکن کیا کریں پھیرے سے کب تقدیر پھرتی ہے

جب نفس کو وہ مست بے سر شمشیر بنا لایا
سرِ دینے کی تب میں بھی تدبیر بنا لایا

پھرتے ہیں جسے ڈھونڈھتے سب شیخ و برہمن
امجدؔ نے اسے صورت انسان میں دیکھا

کیا کہیں تجھ سے ہم کہ کیا ہیں ہم
مظہر خاص کبریا ہیں ہم

ملک خودی اپنی سے جدا ہو کر
پھر ذرا دیکھ تو کہ کیا ہیں ہم

عاشق اپنے پہ آپ ہیں ہم تو
پھر یہاں کس کے مبتلا ہیں ہم

حضرت عشق نے کہا ہم سے
کفر و اسلام سے جدا ہیں ہم

یوں تو سب کچھ ہیں ہم ولے امجد
کوچۂ یار کے گدا ہیں ہم

ترے کوچے میں جب ہم رفتہ رفتہ راہ کرتے ہیں
تو سر اپنے کو پہلے فی سبیل اللہ کرتے ہیں

شکایت عاشقوں سے بدنما ہوتی ہے اے امجدؔ
اگر جور و جفا بھی ہو تو کب وہ آہ کرتے ہیں

یہ دل ہر دم ستاتا ہے بھلا کیجے تو کیا کیجے
نہیں پہلو سے جاتا ہے بھلا کیجے تو کیا کیجے

فقط کچھ تو ہی دل کے ہاتھ سے نالاں نہیں امجدؔ
اک عالم غُل مچاتا ہے بھلا کیجے تو کیا کیجے[1]

---

[1] عالم کا ع تقطیع سے خارج ہے۔

آرزو ۔ سراج الدین علی خاں

آرزو تخلص سراج الدین علی خاں نام اظہار حالش معرا از آرزوست چہ عالمے باتاشش بصد آرزو متوجہ :۔

عشق روزیکہ بما خلعت سودا بخشید   جامہ داری بمن از دامن صحرا بخشید

آزردہ ۔ صدر الدین خاں

آزردہ تخلص صدر الدین خاں نام خلعت صدر الصدوری دہلی بر قامتش زیباست بالائے دالایش صدر صدارت را زیب افزا صاحب طبع فصیح و بہ نمک قابلیت ملیح حق جل وعلی رجود باجود اورا چشمہ فیض آفریدہ و عالمے از خوان احسانش مایدہ نا بدہ برگزیدہ در فصاحت و بلاغت سحبان زمان و در حکمت و معانی ارسطا طالیس دوراں حاکے باعدل و داد است و در فضائل و محاسن شخصے است بے مثل و آزاد اگرچہ بصحبتش نہ رسیدہ ام فاما اوصاف گرامی اورا از زبان عوام و خواص بسیار از بسیار شنیدہ ام اعلی اللہ درجاتہ فی الدارین از فکر عالی اوست :۔

اُلجھنے کو بلا ہیں آپ بھی کچھ خیر ہے صاحب
لگایا ہاتھ کس نے آپ کی زلف پریشاں کو   (رگ ب)

ترے مجروح کے سینہ میں کچھ گرمی سی باقی تھی
وہیں بس ہوگیا ٹھنڈا جو کھینچا تیر پیکاں کو   (ر ر)

مکھڑا وہ غضب زلف سیاہ نام وہ کافر
کیا خاک جیئے کوئی شب ایسی سحر ایسی

باتنگ نہ کر ناصح ناداں مجھے اتنا
یا چل کے دکھا دے دہن ایسا کمر ایسی[1]

آزر۔ جوالا پرشاد

آزر تخلص جوالا پرشاد نام قوم کشمیری نژادش از لکھنو است چندے بطلب عاطفت برادر مہین خود یعنی مشفق گنگا پرشاد رند تخلص بضلع بریلی وگول واکبر آباد گذرانده۔ واز بدو شعور موزونی طبع از برادر خودش کرده در شعر گوئی فارسی و ہندی دست گاه بلند و مایہ دل پسند بہم رسانیده مدت ہا بعہده شس یعنی تہانه دارشاه دره وغیره منصب امیر عسس یعنی کوتوالی کرانہ متعلقہ ضلع میرٹھ خوش گزران مانده واکنون بنظارت نظامت و فوجداری ضلع متھرا معزز است و ہمدر ان شہر طرح اقامت انداختہ کلامش دل پذیر بر ناؤ پیر و در فن انشا معدوم النظیر نمک خوان قابلیت و مردمک دیده اہلیت است شعلہ فکرش آتش زن سینه عشاق و مذاق گفتارش چاشنی بخش ہنرمندان آفاق اگرچہ با ودرنہ خورده ام فاما با برادر کلانش صحبت ہائے رندانہ و خندانہ مدت ہا گزرانیده ام ایں ابیات شرر ہائے منور از شعلہ طبع روشن اوست:۔

بتا اے باغباں مجھ کو یہ کس گل رو کی آمد ہے
کہ جو ہر گل سے اُس یار کی کچھ بو کی آمد ہے

وہاں اس کی گلے کے ہار سے خوشبو کی آمد ہے
یہاں اشکوں کے میرے تار سے لوہو کی آمد ہے

تری فرقت میں جاناں اس طرح آنسو کی آمد ہے
ذرا تھمنے نہیں گویا کہ آب جو کی آمد ہے

---

[1] کذا صفحہ ۲۲ پر یہ شعر تاب سے منسوب ہے۔ [2] کذا

ہمارے شوخ جادو چشم گل رو کی زیارت کو
چمن سے بلبل اور میدان سے آہو کی آمد ہے

شوق میں کھائے ہیں اس چہرۂ گل گون کے گل
کیوں نہ رنگیں ہوں مرے گلشن مضمون کے گل
باغ میں پھولوں نے حسرت سے گریباں پھاڑا
دیکھ کر آج ترے عاشق مفتون کے گل
تیری آنکھوں کے تصور میں صنم نرگس کے
اُگ اٹھے گور سے مجھ عاشق مدفون کے گل
آزر اب پرچہ کاغذ پہ بقول اخگر
کون کترے ہے سوا تیرے یہ مضمون کے گل

ترے غم سے ضعیف اتنا ہے جاناً گلبدن میرا
کہ اب مجھ کو گراں ہے جسم پر ہر موئے تن میرا
کیا ہے ضعف نے یہ حال او نازک بدن میرا
کہ دن میں لوگ سو سو بار سیتے ہیں کفن میرا
یقیں ہے منہ سے کلیوں کے وہیں چٹکی لگے بجنے
چمن میں گر جمائی لیوے وہ غنچہ دہن میرا
یہ گھبرایا مجھے اس عشق کی وحشت نے اے آزر
کہ ہے دشت جنوں سے دھجیاں سب پیرہن میرا

ٔ کذا

دل مرا جب سے ہوا زلف پہ مائل آکر | پڑگئی پا میں مرے جیسے سلاسل آکر
تو نے کیا سحر کیا زشک پری جو میرا | دیکھ منہ دور سے پھر جاتے ہیں عاقل آکر
صاحب آزر تو ترا تیز زباں ہے اس سے | شاعری میں ہو بھلا کون مقابل آکر

اخگر۔ نرائن داس

اخگر تخلص نرائن داس نام متنور بہ آزر است مولدش خطہ کول۔ بنجر تکب ہندوستان یک دل طبیعت او مایل بشعر گوئی گردیدہ شرر پارہ از غزل و ریختہ از آتش کدہ طبع او ریختہ چہ اخگر دست تلمذ بدامن آزر ریختہ و بالفعل بعہدہ رو بکار نویسی عدالت منصفی شہر اخوش گزران است و دل حسودان سوزان و بدرستان گل نمایاں پارہ از طبع ذکا داوست اشعار:۔

دل سمجھ چادر گیتی پہ نہ افسون کے گل
ہیں بہ قدرت سے بنے صانع بے چون کے گل
گل لالہ نہیں یہ گلشن گیتی میں کھلا
ہیں نمایاں یہ دل عاشق محزون کے گل
گل پہ گل عقد ثریا نے فلک پر کھائے
دیکھ کر کان میں شب اس لب مے گون کے گل
اخگر اب صفحہ کاغذ پہ بمقراض زباں
کرن کترے ہے سوا تیرے یہ مضمون کے گل

اخگر۔ ظفر علی

اخگر تخلص، ظفر علی نام متوطن بجنور است کہ از مضافات نگینہ است از

نوخیزان است فاما طبع وقاد دارد وکسب سخن بسبب مجلس مشاعره داعی آنم از عم خود مولانا وزیر علی می کند چه عجب که با آخر زبانزدہ عالمے اگیر این از کانون طبع اوست - ابیات :-

نالہ درد کشیدیم عبث — شربت مرگ چشیدیم عبث
دل من جوہر عشق تو عرض — کلفت وصل کشیدیم عبث

ہوا بیمار ہیں اس نرگس بیمار کے باعث
شفا ہوگی مسیحا شربت دیدار کے باعث

مثل مجنوں جو پریشاں ہے بیابان ہیں آج
کیوں دلا کون سمایا ہے ترے دھیان ہیں آج
بھڑکی ہے عشق کی آتش ترے دل سے اخگر
ہے برابر نہ ترے عشق کے سامان ہیں آج

آزاد - شیخ امیرالدین

آزاد تخلص، شیخ امیرالدین نام از شاگردان شیخ غلام علی عشرت است . شعر :-

بن ترے سیر چمن کو نہ گئے ہم ورنہ
خندۂ گل نے ہمیں خوب رلایا ہوتا (گ . ب)

آشوب - میر امداد علی

آشوب تخلص، میر امداد علی خاں نام خلف میر روشن علی خاں فروغ تخلص

از شاہجہان آباد است نزلہ ربا از خوان طبع میر نظام الدین ممنون است طبع موزوں دارد شعر:۔

ناوکِ غم سے چھپا یاں نہ تن اس ناکام کا
استخواں پر ہے گماں میرے ہما کو دام کا (گ۔ ب)

یہ دیدہ و دل اس پہ مایل مرے دونوں ہیں
دشمن مرے دونوں ہیں قاتل مرے دونوں ہیں (//)

آشفتہ۔ عظیم الدین خاں

آشفتہ تخلص عظیم الدین خاں عرف بھورے خاں افغان کہ از تلامذہ میر محمدی مائل است گویند دست از تعلقات دنیا و ما فیہا برداشتہ در عالم تجرد و تفرد عَلَم آزادی برافراشتہ آخرہا تو بہ از شاعری نمودہ زلہ از خوان لطون ربودہ از آشفتگی طبع اوست شعر:۔

آشفتگی ہماری ہر لحظہ یاں ہے تازہ شیدا ہیں اس پری پہ ہم گرچہ مدتوں سے[1]

آشفتہ۔ مرزا رضا قلی

آشفتہ تخلص مرزا رضا قلی خلف حکیم محمد شفیع است حال ولادت و نژادش واضح نزد اہل سخن نگردیدہ۔ از دست شعر:۔[2]

---

[1] دیوانگی ہماری الخ۔ گلشن بے خار [2] شیفتہ کے بقول ان کے وطن میں اختلاف ہے بعض لکھنو اور بعض اکبرآباد کہتے ہیں یہ جواں کدخدا و درد مند اور طب سے بہرہ مند تھے مشاعرے منعقد کرتے تھے اور میر سوز کے شاگرد تھے اشعار منتخبہ گلشن بے خار سے لئے گئے ہیں لیکن گیارہ میں سے صرف پانچ منتخب کئے گئے ہیں۔

جی تھا آنکھوں میں یار تھا دل میں ‎ ‎ یاں تلک انتظار تھا دل میں
مر گئے پر بھی ہم کو خاک نہ دی ‎ ‎ آج تک یہ غبار تھا دل میں

ل ‎ ‎ گ ۔ ب

فقط نہ اپنی ہی تم آن دیکھتے جاؤ ‎ ‎ ادھر ادھر بھی میری جان دیکھتے جاؤ
اگرچہ ہووے گی تکلیف لیکن آشفتہ ‎ ‎ کوئی گھڑی کا ہے مہمان دیکھتے جاؤ

ل ‎ ‎ گ ۔ ب

چہرہ کچھ ان دنوں غم پنہاں سے زرد ہے
ظاہر مرض تو کچھ نہیں پہ دل میں درد ہے
گ ب

آشفتہ ۔ منوّر علی

آشفتہ تخلص سید منور علی خلف سید علی نواز از سادات عظام بارہ مولدش لبقعہ پاک دہلی است و او مرد بے باک در طب مایہ بلند داشت دطبع دردمند دسوز عشق در دل ب۔ ل ۔ ص[1]

تم غیر سے ملے ہیں کسی سے ملا نہیں
سچ ہے کہ بے وفا ہوں ہیں تم بے وفا نہیں ‎ ‎ گ ب

ابھی دلربائی کو کیا جانتا ہے ‎ ‎ ستم کو وہ بد خواہ اچھا جانتا ہے
یہ جلاد کی سادگی میں ہے شوخی ‎ ‎ مرے خوں کو رنگِ حنا جانتا ہے

گ ب

آصف ۔ نواب یحییٰ خاں

آصف تخلص فیض بخش جہاں عمدہ رؤسائے زمان وزیر الممالک نواب یحییٰ خاں

---

[1] گلشن بے خار میں ان کا تفصیلی ترجمہ موجود ہے اور ۵ منتخب اشعار درج کئے گئے ہیں جن میں سے تین شعر یہاں لکھے گئے ہیں۔

آصف الدولہ بہادر است۔ وجود ذی جودش عین عدل و انصاف بود اوصاف ذات سامی او رسیدہ است بہر اصناف۔ فالسکوت اولی لانہ مستغن عن الاوصاف۔ عالمے از خوان نعمتش سیراب و آستانہ فیض آشیانہ او ہر غنی را ملاذ و فقیر را آب خباب فیض آبش در حیات خود حکم پارس داشت حالا خاک فیضانش اثر اکسیر دارد کہ عزت کبریت احمر بر داشت از کلام لطف نظام اوست۔ قطعہ

ایک دن یار سے میں نے یہ کہا — اب تو ہم طاقت و تواں سے گئے (گ ب)
ہنس کے کہنے لگا کہ اے آصف — یہی کہہ کہہ کے لاکھوں جاں سے گئے

آفتاب۔ شاہ عالم

آفتاب تخلص علیین آرام گاہ و فردوس بنگاہ خاقان ابن خاقان سلطان ابن سلطان ابوالمظفر مجاہدالدین شاہ عالم بادشاہ غازی ادام اللہ فیضانہ وانار اللہ برہانہ ولغائی پایہ والا اورانہ بدان دادہ است کہ شمہ ازاں خامہ دو زباں بر لوح بیان طراز و نحول سلاطین و حکمار برآستانہ ملک آشیانہ او سر افگندہ د آفتاب فیضان آں ذوالاجاہ بر موجودات ہر موجودات تابندہ حضرتش ملاذ الشعرا و ملجار علمار بود و ذاتش مخلوق باخلاق اللہ کہ بموجب آں گاہ گاہ اہل سخن درحضرت او نرد مشاعرہ می باختند و اعلی حضرت بایشاں موافقت نیز می ساختند سخنوران زمان صلہ و انعام بے شمار می یافتند و محض بقدر دانی آں حضرت علوم چوں شموس می تافتند از کلام معجز آں حضرت است۔ شعر:۔

صبح اٹھ جام سے گزرتی ہے — شب دلارام سے گزرتی ہے (گ ب)
عاقبت کی خبر خدا جانے — اب تو آرام سے گزرتی ہے

آئے جو خواب میں بھی وہ ماہ لقا تو پھر — اے آفتاب دولت بیدار سمجھیے[۱]

---

[۱] گلشن بے خار میں یہ مقطع یوں ہے ؎ آئے جو خواب میں کبھی وہ یوسف لقا تو پھر ✦ اے آفتاب دولت بیدار جانیے

آفریں ۔ قلندر بخش

آفریں تخلص شیخ قلندر بخش سہارنپوریست موزونی طبعش مایل بہ صنائع بدائع بودہ و دریں فن گوئے از امثال و اقران ربودہ از آفریدہ اوست شعر :-

بہت ہیں گرچہ تمہیں اور یار کرنے کو ۔ بُرے تو ہم بھی نہیں دل نثار کرنے کو[1]

آفاق ۔ فرید الدین

آفاق تخلص فرید زماں وحید دوراں میر فرید الدین ابن بہاالدین است از قرابت مندان شاہ سلیمان دہلویست و بہرہ در در سخن از ثنا اللہ خاں فراق است ایں از فراق طبع اوست شعر :-

ہاتھ کا اس کے خط لکھا لایا ۔ تیرے قاصد ہیں ہاتھ کے صدقے (گ ب)

اثر ۔ حسین علی

اثر تخلص حسین علی خاں پسر رشید نواب مرزا حیدر بیگ خاں تورانی بودہ او کسب سخن از ناسخ نمودہ از دوماثور است ۔ شعر :-

